# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپال پور

## ای۔لرننگ پروجیکٹ

## چھٹیوں کا کام/ٹیوٹوریل لنکس/جائزہ/سرگرمیاں

سیشن ۲۰۲۰ءتا۲۰۲۱ء

## اردو جماعت: سوم



نام طالبعلم/طالبہ------------------------------

سیکشن:------------------------------

رول نمبر:------------------------------

تاریخ:۶۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: پیر

# سبق ۴: ہمارے پیارے نبی ﷺ

## مشقی سوالات

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/Od6qhDYpzWY

### لفظ بنایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ن+ب+ی | نبی | ________ |
| ب+چ+چ+ہ | بچّہ | ________ |
| د+ے+کھ | دیکھ | ________ |
| پ+ی+ا+ر | پیار | ________ |
| ا+د+ا+س | اداس | ________ |

### دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

پاس پیار بچّوں رو

ہمارے نبی ﷺ ________ سے بہت پیار کرتے تھے۔

ایک دن ایک بچّہ ________ رہا تھا۔

حضرت محمد ﷺ اس کے ________ سے گزرے۔

حضرت محمد ﷺ نے اس بچّے کو ________ کیا۔

### الفاظ کو متضاد سے ملائیں۔

دن دور

پاس رات

رو خوش

اداس ہنس

☆ جملے بنائیے۔

| | |
|---|---|
| دن | ________________ |
| رو | ________________ |
| اداس | ________________ |
| بچّہ | ________________ |

دستخط والدین:________

**تاریخ:۷۔جولائی ۲۰۲۰ء** **دن:منگل**

**ٹیوٹر لنک:** https://youtu.be/Hyqcp6j6Y9I

**سوالوں کے جواب لکھیے۔**

سُوال: حضرت محمد ﷺ بچّوں سے کیسے پیش آتے تھے ؟

جواب: پیار اور شفقت سے پیش آتے تھے۔

جواب:________________

سُوال: حضرت محمد ﷺ کیا دیکھا کر رُک گئے ؟

جواب: بچے کو اُداس دیکھ کر رُک گئے۔

جواب:________________

سوال: بچّہ کیوں رو رہا تھا؟

جواب: کیونکہ اس کے والدین نہیں تھے۔

جواب: ______________________________

سوال: حضرت محمد ﷺ نے اس کو کیا کہا؟

جواب: کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ میں تمھارا والد ہوں اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمھاری والدہ۔

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

**خلاصہ:**

اس سبق میں بتایا گیا ہے کہ آپ ﷺ بچوں سے بہت پیار کرتے تھے۔ ایک دن ایک بچّہ رو رہا تھا آپ ﷺ نے اس بچّے سے رونے کی وجہ پوچھی تو بچے نے بتایا کہ میرے والدین نہیں ہیں تو آپ ﷺ نے بچّے کو پیار کیا اور فرمایا بیٹا پریشان نہیں ہو آج سے میں تمھارا باپ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تمھاری والدہ۔

خلاصہ لکھیے۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________



## لفظ بنائیں

ع + ی + د = عی + د = عید

ک + ی + ل = ____ + ____ = ____

چ + ی + ز = ____ + ____ = ____

کھ + ی + ر = ____ + ____ = ____

ٹھ + ی + ک = ____ + ____ = ____

## "ی" کی درمیان کی آواز

  3

____ ____ ____

____ ____ ____

## "ی" کی آخری آواز

چا____ ٹو____ مو____





## لفظ بنائیں

ر + ے + ل = رے + ل = ریل

کھ + ے + ت = ____ + ____ = ____

د + ے + کھ = ____ + ____ = ____

ن + ے + ک = ____ + ____ = ____

م + ے + ز = ____ + ____ = ____

### "ے" کی درمیان کی آواز







____ ____ ____







____ ____ ____

### "ے" کی آخری آواز







تا____ طو____ با____



دستخط والدین:____

تاریخ:۸۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: بدھ

# سبق ۵: موسم کی بات (نظم)

**تدریسی مقاصد**

- موسموں کے بارے میں بتانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔
- تقریری صلاحیت بڑھانا۔
- ترنم سے نظم پڑھانا۔



**ٹیوٹر لنک:** https://youtu.be/ZtfegzQgKOk

## شاعر کا تعارف:

اس نظم کے شاعر کا نام سرشار صدیقی ہے۔ آپ 25 دسمبر 1926ء کو کانپور میں پیدا ہوئے۔آپ کا اصل نام محمد حسین ایمان تھا۔آپ نے کلکتہ سے میٹرک اور حلیم سلیم کالج سے انٹر میڈیٹ پاس کیا۔1949ء میں آپ کی پہلی کا پہلا کام ارتقا متعارف ہوا۔پہلی چار شاعری کی کتابیں ارتقا1949ء،پتھر کی لکیر1962ء،ابجد1983ء،بے نام1983ء آپ نے 88 سال کی عمر میں پھیپڑوں کے کینسر کی وجہ سے وفات پائی۔

## پڑھائی: (پہلے تین اشعار)

آؤ کریں موسم کی بات — سردی گرمی اور برسات

جب سردی کا موسم آئے — سورج بھی ٹھنڈا پڑ جائے

گرمی آئے تو جائے جان — لو سے ہو دنیا ہلکان

## الفاظ برائے املاء:

| موسم | برسات | ٹھنڈا | لو | ہلکان | گرمی |
|---|---|---|---|---|---|
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

**الفاظ معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | معانی | معانی |
|---|---|---|---|
| برسات | بارش کا موسم | ________ | ________ |
| ٹھنڈا | سرد | ________ | ________ |
| لو | گرمی کی شدت | ________ | ________ |
| ہلکان | تھکا ہوا | ________ | ________ |

**شعر نمبر1:**

آؤ کریں موسم کی بات　　　　سردی گرمی اور برسات

**تشریح:** شاعر کہتا ہے کہ آؤ موسم کا ذکر کریں۔ موسموں میں سردی، گرمی، اور برسات ہیں۔

**تشریح:** ________________________________

________________________________

**شعر نمبر2:**

جب سردی کا موسم آئے　　　　سورج بھی ٹھنڈا پڑ جائے

**تشریح:** شاعر کہتا ہے کہ موسم سرما جب بھی آتا ہے تو ہر چیز ٹھنڈی پڑ جاتی ہے یہاں تک کہ گرم اور دہکتا ہوا سورج بھی ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔


**تشریح:** ________________________________

________________________________

________________________________






نیچے دیے ہوئے لفظ دیکھیں، پھر ان کو  میں تلاش کریں۔ مثال کی طرح لفظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سورج | چاند | گھاس | ہوا |
| پھول | درخت | سیب | بادل |
| جھولا | پھل | رات | دن |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| و | پھ | ل | ا | ن | ج |
| ل | و | پھ | و | و | ن |
| چ | ل | ل | ہ | س | ت |
| ا | ن | س | و | ر | ج |
| ن | و | ے | ا | ے | ت |
| و | ر | ب | چ | ب | ت |
| گھ | خ | جھ | ر | ا | ت |
| ن | ت | و | ل | و | پھ |
| خ | گھ | جھ | و | ل | ا |
| گھ | ا | س | س | ت | ل |



## سبزیوں کے نام بتائیں۔

گا___ ٹما___ مو___ گو___

___ی پا___ ___لو ___چ

___ز ___ ___ ___



## پھلوں کے نام بتائیں۔

تر____ نا____ ____ر ____م

خر____ آ____ ____ر ا__و

نا__تی ____ ____ ____



دستخط والدین:____________

تاریخ:۸۔جولائی۲۰۲۰ء دن: بدھ

# جائزہ نمبر: ۳

سبق: ہمارے نبی ﷺ

جملے بنائیں۔ /۳

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دن | ______ |
| رو | ______ |
| اداس | ______ |

الفاظ کے متضاد لکھیں۔ /٤

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| دن | ______ |
| پاس | ______ |
| رو | ______ |
| اداس | ______ |

سوال: بچّہ کیوں رو رہا تھا؟ /

جواب: ______

سوال: حضرت محمد ﷺ بچّوں سے کیسے پیش آتے تھے؟ /۳

جواب: ______

______

تاریخ:۹۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: جمعرات

# موسم کی بات (نظم)

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/CFhpsJresOA

## پڑھائی:

پھر جب آجائے برسات
بارش برسے دن اور رات

آؤ کریں موسم کی بات
سردی گرمی اور برسات

## الفاظ برائے املاء:

| برسات | بارش | برسے | سردی | رات |
|---|---|---|---|---|
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

## الفاظ معنی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | معانی |
|---|---|---|---|
| برسات | بارش کا موسم | ______ | ______ |
| برسے | بارش کا گرنا | ______ | ______ |
| بارش | مینہ | ______ | ______ |

## شعر نمبر 4:

پھر جب آجائے برسات
بارش برسے دن اور رات

**تشریح:** اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ جب برسات کا موسم آتا ہے تو دن اور رات بارش ہوتی ہے۔

**تشریح:** ________________________________

________________________________

**شعر نمبر5:**

آؤ کریں موسم کی بات      سردی گرمی اور برسات

**تشریح:** شاعر کہتا ہے کہ آؤ موسم کی بات کریں، موسموں میں سردی، گرمی اور برسات ہیں۔

**تشریح:** ________________________________

________________________________





## بُوجھو!

آپ کی جماعت میں کیا کیا ہے؟

اشارہ سُن کر دُرست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔ دُرست جواب کو خالی جگہ میں لکھیں۔

بچے اس پر بیٹھتے ہیں۔ ________ (کرسی، میز، کھڑکی)

ہوا دیتا ہے۔ ________ (پنکھا، کرسی، الماری)

اس سے آپ لکھتے ہیں۔ ________ (قلم، کاپی، تختی)

اس پر آپ لکھتے ہیں۔ ________ (قلم، کاپی، بستہ)

اس میں آپ کی کتابیں ہوتی ہیں۔ ________ (بستہ، وردی، کرسی)

اس کے علاوہ آپ کی جماعت میں کیا ہے؟ تین چیزوں کے نام لکھیں۔

1. ________ 2. ________ 3. ________

10

دستخط والدین: ________

تاریخ:۱۰جولائی۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　دن:جمعہ

# موسم کی بات(نظم)

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/gRy2O1jfvhs

## درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| موثم | موسم | موصم |
| ہلکان | حلکان | ہلقان |
| بولند | بالند | بلند |

## حروف جوڑیں۔

| | | |
|---|---|---|
| م+و+س+م | موسم | ______ |
| س+و+ر+ج | سورج | ______ |
| گ+ر+م+ی | گرمی | ______ |
| ب+ر+س+ے | برسے | ______ |
| ٹھ+ن+ڈ+ا | ٹھنڈا | ______ |

## دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

**سوال: نظم میں کن تین موسموں کے نام ہیں؟**

جواب: نظم میں سردی گرمی اور برسات کے نام ہیں۔

جواب:_______________________________

**سوال: سردی میں کیا ٹھنڈا پڑ جاتا ہے؟**

جواب: سردی میں سورج ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔

جواب:_______________________________

**سوال: گرمی میں لوگ کس وجہ سے ہلکان ہوتے ہیں؟**

جواب: گرمی میں لوگ لو کی وجہ سے ہلکان ہوتے ہیں۔

جواب:_______________________________

**سوال: برسات میں دن اور رات کیا ہوتا ہے؟**

جواب: برسات میں دن اور رات بارش برستی ہے۔

جواب:_______________________________

دستخط والدین:__________



تاریخ: ۱۱جولائی ۲۰۲۰ء
دن: ہفتہ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/nom5-16uTbM

## مرکزی خیال:

اس نظم میں شاعر نے موسموں کے بارے میں بتایا ہے۔ جب گرمی کا موسم آتا ہے تو بہت زیادہ گرمی ہوتی ہے۔ سردی کے موسم میں بہت زیادہ سردی ہوتی ہے اور برسات کے موسم میں دِن رات بارش برستی ہے۔


مرکزی خیال لکھیے۔





# چڑیا گھر کی سیر

نیچے دی ہوئی تصویر میں کون کون سے جانور ہیں؟



چڑیا گھر میں شیر ہے۔

چڑیا گھر میں ___ ہے۔ (ہ + ا + تھ + ی)

چڑیا گھر میں ___ ہے۔ (ز + ر + ا + ف + ہ)

چڑیا گھر ___ ___ ہے۔ (ہ + ر + ن)

چڑیا گھر ___ ___ ___ ۔ (م + و + ر)

چڑیا گھر ___ ___ ___ ۔ (ب + ن + د + ر)



چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( ر + ی + چھ )

چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( م + چھ + ل + ی )

چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( ط + و + ط + ا )

چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( ز + ی + ب + ر + ا )

کچھ اور جانوروں کے نام سوچ کر لکھیں۔

.1 ________________________________

.2 ________________________________

.3 ________________________________

.4 ________________________________

.5 ________________________________



دستخط والدین: ____________

تاریخ:۱۱جولائی ۲۰۲۰ء

دن:ہفتہ

## جائزہ نمبر: ٤

# موسم کی بات (نظم)

سوال:الفاظ کے معانی لکھیں۔ ٤/

| | |
|---|---|
| برسات | ________________ |
| ٹھنڈا | ________________ |
| لو | ________________ |
| ہلکان | ________________ |

سوال:آپ کو کون سا موسم پسند ہے ؟اور کیوں ؟چند جملے لکھیے۔ ۳/

جواب:________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

سوال :دیے گئے شعر کی تشریح کریں۔ ۳/

گرمی آئے تو جان جائے　　　　لو سے ہو دنیا ہلکان

تشریح:________________________________________

________________________________________

________________________________________

دستخط والدین:________________

تاریخ:۱۳–جولائی ۲۰۲۰ء

دن: پیر

# اسم

**تدریسی مقاصد**

- اسم کا مطلب بتانا۔
- سر گرمی کروانا۔
- نئے الفاظ سے متعارف کروانا۔
- نئے الفاظ پڑھنے لکھنے سکھانا۔

**ٹیوٹر لنک:**

**تعریف:** کسی بھی چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

**مثلاً:** میز، شیر، احمد، درخت، ٹوپی وغیرہ





## اسم

کسی بھی چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

مثلاً میز، شیر، احمد، درخت، ٹوپی وغیرہ۔

نیچے کچھ الفاظ لکھے ہیں۔ ان میں اسم چُن کر خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| چڑیا | لکھیں | جُوتا |
| کھاتی | بلّی | لکھا |
| لاہور | کہو | ساجد |

نیچے دیے ہوئے جملوں میں سے اسم کے گرد دائرہ بنائیں۔

1. بچّے نے صابن سے ہاتھ دھوئے۔
2. بلّی دودھ پی رہی تھی۔
3. علی نے پنسل سے تصویر بنائی۔
4. کرکٹ بہت اچھا کھیل ہے۔
5. کمرے کی کھڑکی کُھلی ہے۔

# سرگرمی

شہروں اور جانوروں کے نام لکھیے۔

| جانوروں کے نام | شہروں کے نام |
| --- | --- |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |

دستخط والدین: ________

تاریخ: ۱۴-جولائی ۲۰۲۰ء

دن: منگل

# سبق ۶: دوسری چادر

**تدریسی مقاصد**

- حضرت عمر کے بارے میں بتانا۔
- خلیفہ کا مطلب سمجھانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔

**ٹیوٹر لنک:** https://youtu.be/xRcDRvH1qBE

**پڑھائی:**



## دوسری چادر

خاص الفاظ: خلیفہ قمیص حاکم پوچھ گچھ

حضرت عمرؓ مسلمانوں کے خلیفہ تھے۔ ایک دن وہ بہت سے لوگوں کے ساتھ مسجد میں بیٹھے تھے۔ ایک آدمی کھڑا ہوا اور حضرت عمرؓ سے پوچھا "آپ نے ہم سب کو قمیص بنوانے کے لیے ایک چادر کے برابر کپڑا دیا تھا لیکن جو قمیص آپؓ نے پہنی ہے، وہ دو چادروں کے برابر کپڑے سے بنی ہے۔ کیا آپؓ نے اپنے لیے ہم سے زیادہ کپڑا رکھ لیا تھا؟"

کچھ لوگوں نے اُس آدمی کو کہا کہ حضرت عمرؓ ہمارے حاکم ہیں۔ تم

46



اُن سے ایسے پوچھ گچھ مت کرو لیکن حضرت عمرؓ نے اُس کے سوال کا جواب دینے کے لیے اپنے بیٹے کو بُلایا۔ ان کے بیٹے نے کہا، "میرے والد کے پاس صرف ایک چادر تھی۔ میں نے اپنے حصے کی چادر اُن کو دے دی تھی۔ اس طرح اُنھوں نے اپنے لیے یہ نئی قمیص بنوائی ہے"۔

## الفاظ برائے املاء:

| | | | |
|---|---|---|---|
| خلیفہ | قمیض | حاکم | پوچھ گچھ |
| | | | |
| | | | |
| چادر | کپڑا | برابر | بیٹے |
| | | | |
| | | | |

☆ الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | معانی |
|---|---|---|---|
| خلیفہ | بادشاہ/نائب | ______ | ______ |
| حاکم | بادشاہ | ______ | ______ |
| مت | نہ | ______ | ______ |
| آدمی | شخص | ______ | ______ |
| صرف | فقط | ______ | ______ |
| قمیص | جسم ڈھانپنے کا اوپری لباس | ______ | ______ |
| پوچھ گچھ | سوال پوچھنا | ______ | ______ |
| مسجد | مسلمانوں کی عبادت گاہ | ______ | ______ |

## درست لفظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ادمی | عادمی | آدمی |
| قمیص | قمیس | کمیض |
| ھاکم | حاکم | حاقم |
| حصّے | ہصے | حسے |
| بولایا | بالایا | بُلایا |

دستخط والدین:————



تاریخ:۱۵۔جولائی ۲۰۲۰ء　　　　　　　　دن: بدھ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/yLhop_QnIf0

## دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔

سُوال: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کون تھے؟

جواب: مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ تھے۔

جواب:

سُوال: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قمیص کتنی چادروں کے برابر کپڑے سے بنی تھی؟

جواب: دو چادروں کے برابر کپڑے سے بنی تھی۔

جواب:

سُوال: حضرت عمر کو کس نے اپنے حصّے کی چادر دی تھی؟

جواب: اُن کے بیٹے نے اپنے حصّے کی چادر دی تھی۔

جواب:

## حروف جوڑیں۔

| | | |
|---|---|---|
| خ + لی + فہ | خلیفہ | ________ |
| حا + کم | حاکم | ________ |
| بن + وا + ئی | بنوائی | ________ |
| وا + لد | والد | ________ |

| | | |
|---|---|---|
| چا + در | چادر | ________ |

**جملے بنائیں۔**

| | |
|---|---|
| سوال | ________ |
| مسجد | ________ |
| چادر | ________ |
| کپڑا | ________ |
| قمیص | ________ |

خلاصہ :

حضرت عمر مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ تھے۔ایک دن آپ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ایک آدمی کھڑا ہوا اور حضرت عمر سے پوچھا کہ آپ نے سب کو قمیض سلوانے کے لیے ایک چادر کے برابر کپڑا دیا تھا۔آپ کی اپنی قمیض دو چادروں کی بنی ہوئی ہے۔کیا آپ نے سب سے زیادہ کپڑا خود رکھ لیا تھا؟ان میں سے چند آدمیوں نے کہا کہ حضرت عمر ہمارے حاکم ہیں، تم ان سے ایسے پوچھ گچھ نہ کرو۔ حضرت عمر نے سوال کا جواب دینے کے لیے اپنے بیٹے کو بلایا۔ان کے بیٹے نے کہا: "میرے والد کے پاس ایک تھی۔ میں نے اپنے حصے کی چادر ان کو دے دی تھے اس طرح انھوں نے اپنے لیے یہ نئی قمیض بنوائی ہے۔

خلاصہ لکھیے۔

________

________

________

________

دستخط والدین: ________

تاریخ:۱۶۔جولائی ۲۰۲۰ء                                                    دن: جمعرات

# جائزہ نمبر: ۵

## سبق: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ

**کل نمبر: ۱۰/**

**سوالنمبر ۱: الفاظ کے معانی لکھیں۔** ۴/

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| چادر | ________ |
| پوچھ گچھ | ________ |
| خلیفہ | ________ |
| حاکم | ________ |

**سوالنمبر ۲: ارکان ملائیں۔** ۲/

| | |
|---|---|
| خ+لی+فہ | ________ |
| حا+کم | ________ |

سُوال: **حضرت عمر رضی اللہ عنہ کون تھے؟ ۲/**

جواب: ________

سُوال: **حضرت عمر کو کس نے اپنے حصّے کی چادر دی تھی؟ ۲/**

جواب: ________

دستخط والدین: ________

تاریخ:۱۷۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن:جمعہ

# مضمون(چڑیاگھر کی سیر)

**ٹیوٹرلنک:** https://youtu.be/XEoIJJ0S-rM

**تدریسی مقاصد**

- تخلیقی صلاحیت بڑھانا۔
- جملے پڑھنے لکھنے سکھانا۔
- نئے الفاظ سے متعارف کروانا۔
- انفرادی طور پر جملے بنوانے کی مشق کروانا۔

پچھلے اتوار ہم چڑیاگھر کی سیر کرنے گئے۔ موسم بہت اچھا تھا۔ چڑیاگھر میں بہت جانور تھے۔ جانوروں میں ہم نے شیر، چیتا، زرافہ، بندر، مور دیکھے۔ بچے ہاتھی کی سواری کر رہے تھے۔ ہم نے بھی ابّو سے سواری کرنے کے لیے کہا ہمیں ہاتھی کی سواری کر کے بہت مزہ آیا۔ پرندوں میں ہم نے رنگ برنگی چڑیاں، طوطے، کبوتر دیکھے۔ اب دوپہر کا وقت تھا ہمیں بھوک لگ رہی تھی۔ ابّو نے ہمیں بریانی اور گول گپے کھلائے۔ ہمیں چڑیاگھر کی سیر کر کے بہت مزہ آیا۔

لکھیے



تاریخ:۱۸۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: ہفتہ

# کہانی (چیونٹی اور فاختہ)

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/5kzx04hOHx8



ایک دن چیونٹی ندّی کے کنارے پانی پی رہی تھی۔

پاس ہی درخت پر ایک فاختہ بیٹھی تھی۔

اچانک چیونٹی پانی میں گر گئی۔

اُس نے مدد کے لیے فاختہ کو پُکارا۔

فاختہ نے ایک پتہ ندّی میں پھینکا۔


چیونٹی پتے پر چڑھ کر کنارے تک آ گئی۔

**تدریسی مقاصد**

- تصویر کی مدد سے کہانی لکھنی سکھانا۔
- مدد کرنے کا جذبہ پیدا کرنا۔
- ماضی کا مطلب بتانا۔

لکھیے



ایک دن چیونٹی ____________

کے کنارے پانی پی ______ تھی۔ پاس ہی ______

پر ایک فاختہ ____________ تھی۔

اچانک ____________ پانی میں گر گئی۔ اُس نے ______

کے لیے فاختہ کو ______۔ فاختہ نے ایک ____ ندی میں ______

چیونٹی پتے پر ______ کر کنارے تک آ گئی۔

25

دستخط والدین: ____________

تاریخ:۲۰۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: پیر

### تدریسی مقاصد

- خان پور شہر کے بارے میں بتانا۔
- ریلوے کے اصول وضوابط سے آگاہ کرنا۔
- تلفظ درست کروانا۔

# سبق ۷: خان پور کے سلیم چچا

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/yP5PZxF_ZRs

پڑھائی:



## خان پور کے سلیم چچا

خاص الفاظ

پھاٹک  وردی  تیز رفتار  رکشہ  پٹری  حادثوں

یہ سلیم چچا ہیں۔ یہ خان پور کے پھاٹک نمبر 3 پر گارڈ ہیں۔ سلیم چچا روز صبح پانچ بجے اپنی وردی پہن کر پھاٹک کے پاس بیٹھ جاتے ہیں۔ وہ دن بھر یہیں رہتے ہیں اور محنت سے اپنا کام کرتے ہیں۔

اس پھاٹک سے روزانہ بہت سی تیز رفتار ریل گاڑیاں گزرتی ہیں۔ سلیم چچا اِن ریل گاڑیوں کے آنے سے پہلے پھاٹک بند کر دیتے ہیں۔ تاکہ کوئی بھی گاڑی، رکشہ، موٹر سائیکل یا شخص پٹری پر نہ آئے۔

سلیم چچا ہمیشہ کہتے ہیں کہ بچّوں کو ریل کی پٹری سے دُور رہنا چاہیے۔ جب پھاٹک بند ہو تو ہرگز اسے پار نہیں کرنا چاہیے۔ اس طرح ہم حادثوں سے بچ سکتے ہیں۔

**الفاظ برائے املاء:**

| پھاٹک | گارڈ | پڑی | حادثوں | رکشہ |
|---|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| موٹر سائیکل | صبح | محنت | تیز رفتار | بند |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

دستخط والدین:____________



تاریخ:۲۱۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: منگل

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/h9zY-D0df80

الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | معانی |
|---|---|---|---|
| پھاٹک | بڑادروازہ | ________ | ________ |
| تیز رفتار | جلد چلنے والا | ________ | ________ |
| پڑی | وہ راستہ جس پر ریل گاڑی چلتی ہے | ________ | ________ |
| چچا | باپ کا بھائی | ________ | ________ |
| پار کرنا | عبور کرنا/ گزرنا | ________ | ________ |
| گارڈ | حفاظت یا نگرانی کرنے والا | ________ | ________ |
| محنت | کوشش | ________ | ________ |
| وردی | خاص لباس | ________ | ________ |
| صبح | سویرا | ________ | ________ |
| روزانہ | ہر روز | ________ | ________ |

(1) دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں اور جملوں میں انہیں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔

محنت　　دن　　پھاٹک　　پٹڑی　　حادثوں

(i) یہ خان پور کے پھاٹک نمبر 3 پر گارڈ ہیں۔
(ii) وہ دن بھر یہیں رہتے ہیں۔
(iii) وہ محنت سے اپنا کام کرتے ہیں۔
(iv) بچوں کو ریل کی پٹڑی سے دُور رہنا چاہیے۔
(v) اس طرح ہم حادثوں سے بچ سکتے ہیں۔

51

**دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔**

**سُوال: سلیم چچا کیا کام کرتے ہیں؟**

جواب: خان پور کے پھاٹک نمبر تین پر گارڈ ہیں۔

جواب:______________________

**سُوال: وہ کتنے بجے اپنی وردی پہن کر پھاٹک پر آجاتے ہیں؟**

جواب: وہ صُبح پانچ بجے اپنی وردی پہن کر پھاٹک پر آجاتے ہیں۔

جواب:______________________

**سُوال: سلیم چچا گاڑیوں کے آنے سے پہلے پھاٹک کیوں بند کر دیتے ہیں؟**

جواب: تاکہ کوئی گاڑی، رکشہ، موٹر سائیکل یا کوئی شخص پٹڑی پر نہ آئے۔

جواب:______________________

دستخط والدین:______________

تاریخ:۲۲۔جولائی ۲۰۲۰ء　　　　دن: بدھ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/_ESS8fBRV88

ارکان ملایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| پھا+ٹک | پھاٹک | ________ |
| ور+دی | وردی | ________ |
| تے+ز | تیز | ________ |
| مح+نت | محنت | ________ |

جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| رکشا | ________ |
| وردی | ________ |
| محنت | ________ |
| پھاٹک | ________ |
| پانچ | ________ |

**الفاظ کے متضاد لکھیے۔**

| متضاد | متضاد | الفاظ |
|---|---|---|
| ______ | شام | صبح |
| ______ | دور | پاس |
| ______ | آہستہ | تیز |
| ______ | کھلا | بند |

خلاصہ :

اس سبق میں ریلوے کے اصولوں اور ضوابط سے آگاہ کیا گیا ہے کہ بچوں کو ریل کی پڑی سے دور رہنا چاہیے۔ جب پھاٹک بند ہو جائے تو اسے پار نہیں کرنا چاہیے اس طرح ہم حادثوں سے بچ سکتے ہیں۔

لکھیے______

______

______

______

______

______

______

______

______

______

------------------------------------------------------------

دستخط والدین:______

تاریخ:۲۳۔جولائی۲۰۲۰ء

دن: جمعرات


# سبق ۸: میٹھے بول (نظم)

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/rhM5lxV3AYo

**تدریسی مقاصد**

- اخلاق وآداب سکھانا۔
- بول چال کے آداب سکھانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ترنم سے نظم پڑھنا۔

پڑھائی:



## میٹھے بول

خاص الفاظ: لب انمول الزام ماحول

جب بھی بچّہ بولو تُم
لَب اپنے جب کھولو تُم
مُنھ سے نکلیں میٹھے بول
بول بھی ایسے کہ انمول

کِسی کا اُلٹا نام نہ لو
کِسی کو تم اِلزام نہ دو
تب بدلے گا یہ ماحول
جب بولو گے میٹھے بول

(ضیاء اللہ محسن)

**الفاظ برائے املاء:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ماحول | الزام | میٹھے | بولو | الٹا |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| لب | ان مول | بول | نکلیں | بچوّ |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

**الفاظ کے معانی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | معانی | معانی |
|---|---|---|---|
| لب | ہونٹ | ________ | ________ |
| انمول | قیمتی | ________ | ________ |
| ماحول | ارد گرد کی اشیا | ________ | ________ |
| میٹھے | شیریں | ________ | ________ |
| بولو | کہو | ________ | ________ |

دستخط والدین:________

تاریخ:۲۴۔جولائی۲۰۲۰ء دن:جمعہ

ٹیوٹرلنک: https://youtu.be/DwVSWaCT2YU

**بند نمبر1 تشریح:**

شاعر کہتا ہے کہ بچّو! تم جب بھی بات چیت کرو اور کچھ بولو تو ہمیشہ اچھی باتیں ہی کرو۔ ایسی باتیں کرو جو پیار بھری ہوں اور جو انمول ہوں۔

**بند نمبر2 تشریح:**

شاعر کہتا ہے کہ کسی شخص کو غلط نام سے مت پکارو اور نہ ہی کسی پر کوئی الزام لگاؤ۔ کیونکہ یہ برے کام ہیں۔ ہمارا ماحول تب بدلے گا جب ہم اچھی باتیں کریں گے اور میٹھے بول بولیں گے۔

دستخط والدین:________________

تاریخ: ۲۵۔جولائی ۲۰۲۰ء　　　　دن: ہفتہ

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/7Jd9gBBjowA



## مشق

(1) درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سوں | مُنھ | مُنہ |
| الزام | عل زام | اِلزام |
| ماحول | ماہول | ماحول |
| مٹھے | میٹھے | مٹھے |

(2) الفاظ کو درست ترتیب دے کر مصرع مکمل کریں۔

بچو بولو تم جب بھی ____________________

میٹھے بول مُنھ سے نکلیں ____________________

ایسے کہ انمول بول بھی ____________________

یہ ماحول تب بدلے گا ____________________

55

جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| بولو | ____________________ |
| لب | ____________________ |
| میٹھے | ____________________ |
| الٹا | ____________________ |
| الزام | ____________________ |

تاریخ:۲۷۔جولائی ۲۰۲۰ء

دن: پیر

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/2VMEcN8_5xE

**دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔**

سوال: ہمیں کیسی باتیں کرنی چاہیئں؟

جواب: ہمیں میٹھی میٹھی باتیں کرنی چاہیئں۔

جواب:______________________________

سوال: دوسروں کا کیسا نام نہیں لینا چاہیے؟

جواب: اُلٹا نام نہیں لینا چاہیے۔

جواب:______________________________

سوال: اچھی اور میٹھی باتیں کرنے سے ماحول کو کیا ہوتا ہے؟

جواب: ماحول بدل جاتا ہے۔

جواب:______________________________

**مرکزی خیال:**

اس نظم میں شاعر نے بچّوں کو اچھی باتیں کرنے کے بارے میں بتایا ہے۔ سب کو اُن کے درست ناموں سے پُکارو کبھی بھی اُن کا نام بگاڑ کر نہ لو اس سے آپس میں محبت بڑھے گی۔

لکھیے______________________________

______________________________

______________________________

دستخط والدین:______________

تاریخ:۲۸۔جولائی۲۰۲۰ء

دن: منگل

## جائزہ نمبر:٦

## سبق: خان پور کے سلیم چچا

سُوال: وہ کتنے بجے اپنی وردی پہن کر پھاٹک پر آجاتے ہیں؟ /۲

جواب:______________________________

سُوال: سلیم چچا گاڑیوں کے آنے سے پہلے پھاٹک کیوں بند کر دیتے ہیں؟ /۲

جواب:______________________________

جملے بنائیں۔ /۳

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| وردی | ______________________________ |
| محنت | ______________________________ |
| پھاٹک | ______________________________ |

خلاصہ لکھیں۔ /۳

______________________________

______________________________

______________________________

دستخط والدین:______________

تاریخ:۲۹۔جولائی۲۰۲۰ء

دن: بدھ

# سبق۹: چاند

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/1LIuljvUrAo

پڑھائی:

**تدریسی مقاصد**

- چاند اور اس پر لگنے والے گرہن کے بارے میں بتانا۔
- تلفظ درست کروانا۔
- ذخیرہ الفاظ بڑھانا۔




## چاند


**خاص الفاظ**

غور۔ چمکتا۔ روشنی۔ گردش۔ گرہن

کیا آپ نے کبھی چاند کو غور سے دیکھا ہے؟ وہ رات کو آسمان پر چمکتا ہوا کتنا خوبصورت لگتا ہے۔ چاند کی اپنی کوئی روشنی نہیں ہوتی۔ جب سورج کی روشنی اس پر پڑتی ہے تو وہ روشن ہو جاتا ہے۔

57





چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ زمین چانداور سورج کے درمیان آجاتی ہے۔ اس وجہ سے زمین کاسایہ چاند پر پڑتا ہے۔ بالکل ویسے ہی جیسے ہمارا سایہ زمین پر پڑتا ہے۔

جب ایسا ہوتا ہے تو چاند روشن نہیں ہوتا اور ہم کہتے ہیں کہ چاند کو گرہن لگ گیا ہے۔

58

**الفاظ برائے املاء:**

| گرہن | گردش | روشنی | چمکتا | غور |
|---|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |
| آسمان | خوبصورت | درمیان | گھومتی | سایہ |
| ________ | ________ | ________ | ________ | ________ |

**الفاظ کے معانی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| غور | توجہ | | |
| آسمان | فلک | | |
| روشن ہونا | چمکنا | | |
| چمکتا | روشن | | |
| خوبصورت | پیارا | | |
| روشنی | اجالا | | |
| گردش | چکر لگانا/گھومنا | | |
| گرہن | گہن | | |
| رات | شب | | |
| سایہ | عکس | | |





# مشق

(1) دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں اور جملوں میں انہیں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔

چاند        روشنی        سایہ        روشن

(i) سورج کی روشنی اس پر پڑتی ہے۔

(ii) کیا آپ نے کبھی چاند کو غور سے دیکھا ہے؟

(iii) وہ روشن ہو جاتا ہے۔

(iv) ہمارا سایہ زمین پر پڑتا ہے۔

(2) ارکان ملائیں۔

دے + کھا = ____________________

رو + ش + نی = ____________________

چ + مک + تا = ____________________

ز + می + ن = ____________________

**مختصر سُوالات کے جوابات**

**سُوال: چاند کس کے گرد گردش کرتا ہے؟**

جواب: چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔

جواب:________________________________________

**سُوال: کس کی روشنی سے چاند روشن ہو جاتا ہے؟**

جواب: سوُرج کی روشنی سے چاند روشن ہو جاتا ہے۔

جواب:________________________________________

**سُوال: جب چاند روشن نہیں رہتا تو ہم کیا کہتے ہیں؟**

جواب: تو ہم کہتے ہیں کہ چاند گرہن لگ گیا ہے۔

جواب:________________________________________

مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| رات | آسمان |
| روشنی | دن |
| زمین | تاریکی |

دستخط والدین:________________

تاریخ: ۳۰۔جولائی ۲۰۲۰ء
دن: جمعرات

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/NjFDD1OO6Sk

خلاصہ:

اس سبق میں بتایا گیا ہے کہ چاند کی اپنی کوئی روشنی نہیں ہوتی جب سورج کی روشنی اس پر پڑتی ہے تو وہ روشن ہو جاتا ہے۔ چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ زمین چاند اور سورج کے درمیان آجاتی ہے اس وجہ سے زمین کا سایہ چاند پر پڑتا ہے جب ایسا ہوتا ہے تو چاند روشن نہیں ہوتا اور ہم کہتے ہیں کہ چاند کو گرہن لگ گیا ہے۔

خود لکھیے۔

دستخط والدین:______